# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 24 May-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۴ مئی ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ مراٹھواڑہ میں قحط سالی کے تدارک کیلئے انتظامیہ تیار: علاقائی سطح کے جائزاتی اجلاس میں وزیرِ اعلیٰ کا دلاسہ۔

☆ خریف ہنگام میں جعلی کھاد اور بیج فروخت کرنے والوں کو گرفتار کرنے کی انتظامیہ کو ہدایات۔

☆ ڈومبیولی دھماکہ اور احمد نگر میں کشتی اُلٹنے سمیت ریاست میں مختلف حادثات میں 23 افراد کی موت۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ اور ودربھ کے متعدد حصوں میں گرمی کی لہر جاری۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

قحط سالی کے اثرات کے تدارک کیلئے انتظامیہ پوری طرح تیار ہے۔ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے یہ یقین دہانی کروائی۔ مراٹھواڑہ میں خشک سالی اور پانی کی قلّت کے پیشِ نظر وزیرِ اعلیٰ شندے نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ایک جائزاتی اجلاس لیا۔ اس موقع پر انہوں نے پینے کے پانی اور مویشیوں کے چارے کی دستیابی کے اقدامات اور آئندہ موسمِ باراں کیلئے احتیاطی اقدامات کرنے کو ترجیح دینے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ نے سبھی ضلع کلکٹرس کو ضرورت کے مطابق پانی کے ٹینکرس فراہم کرنے اور آبرسانی منصوبوں کی بجلی کی فراہمی بند نہ کرنے کا حکم بھی دیا۔ اجلاس کے بعد صحیفہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے زیرِ زمین پانی کی سطح کو بڑھانے کیلئے مختلف این جی اوز کے تعاون سے گال سے پاک پشتے اور گال سے پاک تالاب بنانے کی کوشش کرنے کی بات بھی کہی۔

وزیرِ اعلیٰ نے مزید بتایا کہ نام فاؤنڈیشن، شری شری روی شنکر کی آرٹ آف لیونگ اور اپا صاحب دھرم ادھیکاری پرتشٹھان جیسے مختلف این جی اوز کے تعاون سے زیرِ زمین پانی کی سطح کو بڑھانے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ انھوں نے بتایا کہ ان این جی اوز کے تعاون سے گال سے پاک پشتے اور گال سے لیس کھیتوں کی مہم پر عمل درآمد کر کے پشتوں میں آبی ذخیرے کی گنجائش بڑھانے کی ہدایت بھی دی گئی ہے۔

اس جائزاتی اجلاس میں دیہی ترقی کے وزیر گریش مہاجن، پانی فراہمی کے وزیر گلاب راؤ پاٹل، وزیر صحت ڈاکٹر تاناجی ساونت، قانون ساز کونسل میں حزبِ اختلاف کے رہنما امباداس دانوے، ڈویژنل کمشنر مدھوکر راجے آرڈے سمیت مراٹھواڑہ کے سبھی اضلاع کے ضلع کلکٹرس بھی موجود تھے۔

دریں اثنا، وزیر اعلیٰ نے شندے نے بتایا کہ، اس سال خریف ہنگام میں جعلی بیج اور جعلی کھاد پائے جانے پر متعلقہ افراد کو گرفتار کرنے اور اہم ڈسٹری بیوٹرز کی تحقیقات کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈویژن میں غیر موسمی بارش کی وجہ سے ہونے والے نقصانات کا پنچ نامہ کرنے اور متاثرین کو نقصان بھرپائی دینے سے متعلق گزشتہ دنوں ضلع کلکٹر ہدایات بھی جاری کی گئی ہیں۔

***** ***** *****

لاتور میں بھی پانی کی قلّت سے نمٹنے کے اقدامات کے سلسلے میں ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر۔گھوگے نے کل ایک جائزاتی اجلاس لیا۔اس اجلاس میں پانی کی قلت سے پیدا شدہ صورت حال کو مدنظر رکھتے ہوئے، پانی کی قلت کے ایکشن پلان کو منظوری دی گئی‘ جس میں دیہاتوں، قصبوں اور بستیوں میں پانی فراہمی کیلئے کنوؤں کو تحویل میں لینے، عارضی اضافی نل اسکیم، ٹینکروں کے ذریعے پانی فراہمی سمیت مختلف اقدامات شامل ہیں۔ پانی کی قلت سے متعلق کسی بھی شکایت کو دور کرنے کیلئے کلکٹر دفتر میں ایک ’’وار روم‘‘ بھی قائم کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

پارلیمانی انتخابات کے چھٹے مرحلے کی تشہیری مہم کل ختم ہوگئی۔اس مرحلے میں کل 25 تاریخ کو آٹھ ریاستوں کے 58 انتخابی حلقوں میں رائے دہی ہوگی۔ان میں اُتر پردیش کے 14، ہریانہ کے دس، بہار اور مغربی بنگال کے فی کس آٹھ۔آٹھ، دہلی کے سات، اوڈیشہ کے چھ، جھارکھنڈ کے چار اور جموں و کشمیر کا ایک انتخابی حلقہ شامل ہے۔ان تمام حلقوں میں 89 امیدوار اپنی قسمت آزمارہے ہیں۔

***** ***** *****

دریں اثنا‘ انتخابی کمیشن نے پارلیمانی انتخابات کے پانچویں مرحلے کا حتمی رائے دہی فیصد کل جاری کردیا۔اس مرحلے میں، مہاراشٹر کے 13 انتخابی حلقوں سمیت ملک کے کل 49 پارلیمانی حلقوں میں 62 اعشاریہ دو فیصد رائے دہی کی گئی۔

***** ***** *****

مہاراشٹر پردیش کانگریس کے نائب صدر اور بزرگ رہنما وکرویر کے رکنِ اسمبلی پی۔این پاٹل کی آخری رسومات کل کرویر تعلقے میں ان کے آبائی گاؤں ساڈولی خالصہ میں سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کردی گئیں۔ پی این پاٹل کا کل کولہاپور میں انتقال ہوگیا تھا، وہ 71 برس کے تھے۔

***** ***** *****

ریاست میں کل مختلف حادثات میں 23 افراد ہلاک ہوگئے۔تھانے ضلعے میں ڈومبیولی کے صنعتی علاقے میں واقع اموداں کیمیکل کمپنی میں بوائلر پھٹ جانے سے ہوئی آتشزدگی میں دو خواتین سمیت آٹھ مزدوروں کی موت واقع ہوگئی جبکہ 56 افراد زخمی ہوگئے۔وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل جائے حادثہ کا دورہ کرکے حالات کا جائزہ لیا۔انہوں نے حادثے میں ہلاک ہونے والوں کے لواحقین کو فی کس پانچ لاکھ روپے کی امداد دینے کا اعلان کیا۔وزیرِ اعلیٰ نے بتایا کہ ضلع کلکٹر کو اس واقعہ کی مکمل تحقیقات کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ فی الحال راحت رسانی کے کاموں کو ترجیح دی جارہی ہے‘ تاہم اس حادثے کیلئے جو بھی ذمہ دار ہوگا اس کے خلاف ہر صورت میں کارروائی کی جائے گی۔

***** ***** *****

ریاست کے مختلف مقامات پر کل پانی میں غرقاب ہوکر گیارہ افراد کی موت ہوگئی۔احمد نگر ضلعے کی پرواندی میں بچاؤ کاموں کے دوران ریاستی انسدادِ آفات دستے کے تین جوان‘ دیگر دو نوجوانوں سمیت ایک مقامی باشندے کی موت ہوگئی۔ پرسوں بدھ کو پرواندی میں دو لڑکے غرقاب ہوجانے کے بعد انکی تلاش اور بچاؤ کے کام جاری تھے‘ اسی دوران یہ حادثہ پیش آیا۔مہلوکین میں دھولیہ کے ریاستی انسدادِ آفات دستے کے پولس سب انسپکٹر پرکاش شندے، راہل پاؤرا اور وَیبھو واگھ شامل ہیں۔

دریں اثنا‘ وزیرِ محصول اور احمد نگر ضلعے کے رابطہ وزیر رادھا کرشن وِکھے پاٹل نے اس حادثے میں جان گنوانے والے جوانوں کے ورثا کو دس لاکھ روپئوں کی امداد دینے کی اطلاع دی ہے۔ریاستی وزیر وِکھے پاٹل اور دیگر افسران نے مہلوکین کے جسدِ خاکی پر پھول نچھاور کرکے انھیں خراجِ عقیدت پیش کیا‘ جبکہ پولس دستے کی جانب سے سلامی دیکر مہلوکین کے جسدِ خاکی ان کے گاؤں روانہ کیے گئے۔

***** ***** *****

ناسک ضلع کے سنّر تعلقے کے دیوندی پر کُنڈے واڑی کے باندھ پر دوستوں کے ساتھ تیراکی کیلئے جانے والے دوسولہ سالہ اسکولی طلبہ کی پانی میں ڈوبنے سے موت ہوگئی۔ گذشتہ ہفتے سِنّر علاقے میں بارش ہونے کے بعد آبی پشتے میں پانی جمع ہوا ہے اور گہرائی کا اندازہ نہ ہونے کی وجہ سے دونوں طلبہ ڈوب کر ہلاک ہوگئے۔

دیگر ایک حادثے میں نندور بار ضلع کے نواپور تعلقے کے بو پاڑا آبی پشتے میں دو سولہ سالہ لڑکیاں غرقاب ہوگئیں۔ فوت شدہ لڑکیوں کے نام اُجولا گاوِت اور مِکھا گاوِت بتائے گئے ہیں۔ گاؤں سے متصل بور پاڑا آبی پشتے کے کنارے دو لڑکیاں کل صبح نہانے کیلئے گئی تھیں۔ اسی دوران یہ حادثہ پیش آیا۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے کیج تعلقے میں واقع جیواچی واڑی آبی پشتے میں ڈوب کر ایک نوجوان کی موت ہوگئی۔ مہلوک نوجوان کا نام رتن کاڑے ہے۔ تالاب میں مچھلیاں پکڑنے کیلئے بچھائے گئے جال میں پھنس کر غرقاب ہوجانے سے اس کی موت واقع ہوئی۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع کے مُکھیڑ تعلقے کے مُکرم آباد کے قریب دو پہیہ گاڑی کے راستے کے کنارے کھڑے ٹریکٹر کی ٹرالی سے ٹکرا جانے کے سبب پیش آئے حادثے میں دو پہیہ سوار میاں بیوی اور ایک لڑکا ہلاک ہوگیا۔ کل دوپہر کے قریب یہ حادثہ پیش آیا۔

***** ***** *****

شولاپور ضلع کے اُجنی آبی پشتے میں ناؤ پلٹنے سے پیش آئے حادثے میں تمام چھ افراد کی نعشیں کل قومی ڈیزاسٹر دستے کو مل گئیں۔ ان میں تین مرد اور ایک خاتون سمیت دو چھوٹے بچے شامل ہیں۔ گذشتہ 21 تاریخ کو یہ حادثہ پیش آیا تھا۔

***** ***** *****

ممبئی کے گھاٹ کوپر میں اشتہاری ہورڈنگ گرنے کے حادثے میں زخمی ہونے والا ایک شخص کل دورانِ علاج فوت ہوگیا۔ جس کے بعد اس حادثے میں مہلوکین کی تعداد 17 ہوگئی ہے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ اور ودربھ کے کئی علاقوں میں گرمی کی لہر قائم ہے۔ ریاست میں کل سب سے زیادہ درجۂ حرارت 45 اعشاریہ پانچ ڈگری آکولہ میں درج کیا گیا۔ ایوت محل، چندر پور، وردھا، برہما پوری، امراوتی سمیت مراٹھواڑہ کے چھترپتی سمبھاجی نگر اور بیڑ میں کل 43 ڈگری سے زیادہ درجۂ حرارت درج کیا گیا۔ اسی طرح پربھنی میں 41 اور دھاراشیو میں 39 اعشاریہ نو درجۂ حرارت درج کیا گیا۔

***** ***** *****

ویشاکھ پورنیما یعنی بدھ پورنیما کل ہر طرف عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی۔ ناگپور میں ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر یادگاری کمیٹی کی جانب سے دِکشا بھومی میں تتھاگت بدھ اور ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کے مجسموں پر گلہائے عقیدت نچھاور کر کے خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

ایوت محل کے رالے گاؤں تعلقے میں واقع جاگجئی میں بودھ پورنیما کی مناسبت سے گونڈوانا برادری کی جانب سے ایک میلہ لگایا گیا تھا' جبکہ چھترپتی سمبھاجی نگر شہر میں بھکو سنگھ کی جانب سے پیدل پھیری نکالی گئی۔

دریں اثناء بیساکھ پورنیما کے موقع پر کل مختلف مقامات کے جنگلات میں جا حیوانات شماری بھی کی گئی۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ مراٹھواڑہ میں قحط سالی کے تدارک کیلئے انتظامیہ تیار: علاقائی سطح کے جائزاتی اجلاس میں وزیرِ اعلیٰ کا دلاسہ۔

☆ خریف ہنگام میں جعلی کھاد اور بیج فروخت کرنے والوں کو گرفتار کرنے کی انتظامیہ کو ہدایات۔

☆ ڈومبیولی دھماکہ اور احمد نگر میں کشتی اُلٹنے سمیت ریاست میں مختلف حادثات میں 23 افراد کی موت۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ اور ودربھ کے متعدد حصوں میں گرمی کی لہر جاری۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****